16/06/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں...عابدہ اختر

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی سلوواکیہ کا دورہ مکمل کرنے کے بعد آج فرانس کے شہر Evian پہنچ رہے ہیں جہاں وہ G7- اجلاس میں شرکت کریں گے

پروگرام کے مطابق اجلاس کے حاشیے پرنریندر مودی کنیڈا اور برطانیہ کے اپنے ہم منصب کے علاوہ متحدہ عرب امارات کے صدر کے ساتھ باہمی دلچسپی کے معاملات پر تبادلہ خیال کریں گے ۔

اس دوران سلوواکیہ کے صدر Peter Pellegrini نے وزیر اعظم نریندر مودی کو سلوواکیہ کے اعلیٰ ترین سٹیٹ ایوارڈ سے نوازا ۔

تمتا

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر مملکت اجے تمتا نے کل جموں میں توی ریور فرنٹ پروجیکٹ پر جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔موقع پر منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اجے تمتانے ریور فرنٹ کی تعمیر و ترقی میں شامل تمام متعلقہ اداروں اور فریقین کی کوششوں کو سراہا۔

اس موقع پر پارلیمنٹ ممبر جگل کشور شرما، راجیہ سبھا ممبرست پال شرما اور ایم ایل اے وکرم رندھاوا کے علاوہ دیگر سینئر افسران بھی موجود تھے۔

سکینہ

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے سرینگر کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پرشیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ ، ائر پورٹ اتھارٹی اور سینٹرل انڈسٹریل سکیورٹی فورس کے مشترکہ اہتمام سے منعقد کئے گئے خون کے عیطے کے کیمپ میں شرکت کی ۔ انہوں نے متعلقین کی اس کوشش کو سراہتے ہوئے انسانی جانوں کے بچاؤ میں خون کا عطیہ دینے کی اہمیت اجا گر کی ۔

رانا

قانون ساز اسمبلی کے ممبر قیصر جمشید لون اور مختلف علاقوں سے آئے کئی عوامی وفود نے جنگلات و ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا کے ساتھ ملاقات کرکے اپنے اپنے علاقوں کے مسائل ان کی نوٹس میں لائے۔ وزیر نے عوامی وفود کو یقین دلایا کہ ان کے جائز مطالبات مرحلہ وار طریقے پرپورا کئے جائیں گے ۔

کھٹانہ

راجیہ سبھا ممبر غلام علی کھٹانہ نے اننت ناگ کے شانگس علاقے میں ایک عوامی دربار میں شرکت کرکے وہاں جاری ترقیاتی سرگرمیونکا جائزہ لیا۔ انہوں نے مقامی باشندونکو در پیش مسائل کے بارے میں بھی جانکاری حاصل کی ۔ عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے غلام علی کھٹانہ نے کہا کہ لوگوں کے مطالبات متعلقہ حکام کی نوٹس میں لائے جائیں گے۔

نتائج

یونین پبلک سروس کمیشن نے اس سال کے سول سروسز پریلمنری امتحانات کے نتائج کا اعلان کیا ہے ۔کمیشن کے مطابق ایک ہزار اسامیوں کیلئے 13ہزار سے زائد امید واروں کو سروسز امتحان کیلئے اہل قرار دیا گیا ہے ۔امید واروں سے کہا گیا کہ وہ پریلمنری امتحانات Main کے سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔upsc.gov.inکے نتائج کمیشن کی ویب سائٹ

بڈگامDC

بڈگام کے ڈپٹی کمشنر اطہر عامر خان نے ضلع کے مختلف علاقوں کا دورہ کرکے محرم الحرام کی تقریبات کے سلسلے میں کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے خندہ ، سٹھسو اور چھترگام میں امام بار گاہوں میں دستیاب سہولیات کا بھی جائزہ لیا۔

ڈپٹی کمشنر نے افسران کو عزا داروں کیلئے تمام سہولیات دستیاب رکھنے کی ہدایت دی ۔

اس دوران ضلع انتظامیہ بڈگام نے محرم الحرام کے دوران دینی مجالس اور عز اداری کے جلوسوں کے احسن انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے ڈپٹی کمشنر کے دفتر میں دن رات کام کرنے والا ایک کنٹرول روم قائم کیا ہے ۔ جبکہ عام لوگوں کیلئے ہیلپ لائن نمبرات بھی جاری کئے گئے ہیں۔

اننت ناگDC

اننت ناگ کے ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے کہا ہے کہ ضلع انتظامیہ جسمانی طور خاص افراد کی فلاح و بہبود اور ان کی جامع ترقی کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے ۔

سماجی بہبود محکمے کے اہتمام سے بونہ دیالگام میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جسمانی طور خاص افراد کو با اختیار بنانے کیلئے انہیں روز گار کے مناسب وسائل فراہم کئے جانے چاہیں۔

اس موقعے پر ایسے افراد میں مصنوعی اعضاءاور دیگر ضروری ساز و سامان تقسیم کیا گیا ۔ مینو فیکچرنگ کارپوریشن آف انڈیا اور جے اینڈ کے بینک Limbs تقریب کے انعقاد میں آرٹیفشل نے اپنا اشتراک دیا تھا ۔

کولگامDC

ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے تحصیل آفس کولگام کا دورہ کرکے وہاں جمع بندیوں اور محکمہ مال کے دیگر دستاویزات کی ڈیجٹائزیشن کے عمل کا جائزہ لیا۔ انہیں بتایا گیاکہ جمع بندیونکی ڈیجٹائزیشن کا ریکارڈ زمین سُدھار پورٹل پر دستیاب ہے

شوپیانDC

سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کی عمل آوری PM شوپیان کے ڈپٹی کمشنر ششر گپتا نے ضلع میں پر جاری پیشرفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے اس یوجنا کے تحت اب تک کی طبعی اور مالی حصولیابیوں کا بھی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے یوجنا کی موثر عمل آوری کو یقینی بناتے ہوئے زیادہ سے زیادہ کنبوں کو اس کے دائرے میں لانے کی ہدایت دی ۔

بانڈی پورہDC

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب نے افسران کی ایک میٹنگ طلب کرکے ضلعے کے تعلیمی منظر نامے کا جائزہ لیا۔ انہوں نے اس سیکٹر میں مزید بہتری لانے کیلئے جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لانے اور مخصوص اسکیموں کی موثر عمل آوری پر زور دیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ